برصغیر میں بچہ مسلم لیگ

نام کتاب: برصغیر میں بچہ مسلم لیگ

مصنف: پروفیسر ڈاکٹر انعام الحق کوثر

تبصرہ نگار: حارث رحمان

تاریخ اشاعت: دسمبر ۲۰۰۶ء

صفحات: ۱۰۰

قیمت: ۱۰۰ روپے

ہماری نصابی کتب اور تاریخی و تحقیقی تحاریر میں آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے کارناموں کا تفصیلی ذکر موجود ہے، تاہم بچہ مسلم لیگ کے قیام، ارتقاء اور دیگر امور کے حوالے سے خاطر خواہ معلومات میسر نہیں، مذکورہ موضوع پر ہماری محدود آگہی کا اندازہ اس بات سے بخوبی ممکن ہے کہ راقم کو بھی بچہ مسلم لیگ کے بارے میں بیشتر معلومات کتاب مذکورہ سے ہی حاصل ہوئی ہیں۔

ڈاکٹر انعام الحق کوثر کی تحقیق کے پسندیدہ ترین موضوعات میں سیرت النبیؐ، اردو زبان، تحریک پاکستان و مسلم رہنما اور بلوچستان سرفہرست ہیں۔ زیرنظر کتاب میں بتایا گیا ہے کہ تحریک پاکستان کے واضح نصب العین سے ننھے بچے بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے چنانچہ علی گڑھ کی وہ نوخیز پود جو مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کی ممبر نہ بن سکتی تھی انہوں نے ۱۹۴۲ء میں اپنی ایک الگ جماعت بنائی اور اس کا نام ''بچہ مسلم لیگ'' رکھا جس کے صدر سید محمود ہاشمی اور نائب صدر فصیح الدین احمد تھے۔ قائداعظم نے بچہ مسلم لیگ کی صدارت تو قبول نہ کی تاہم بعد میں ممبران جماعت کی درخواست پر بچہ مسلم لیگ کا سرپرست بننا قبول فرمایا اور انہیں یہ پیغام دیا ''میں آپ کو ضبط و نظم و اتحاد اور ایسے کام کی تلقین کرتا ہوں جو اپنی قوم کی ترقی کے لئے بلا کسی ذاتی مفاد کے خلوص دل سے کھلے عام کیا جائے۔ بچہ مسلم لیگ بچوں کی تربیت گاہ کا کام کرے اور انہیں اس لائق بنائے کہ جب وہ ۱۸ سال کے ہو جائیں تو اچھے مسلم لیگی بن سکیں''۔

جیسا کہ کتاب کے عنوان ''برصغیر میں بچہ مسلم لیگ'' ہی سے واضح ہے۔ برصغیر کے مختلف علاقوں میں بچہ مسلم لیگ کے قیام اور کردار کو بنیادی موضوع بنایا گیا ہے۔ بچہ مسلم لیگ، علی گڑھ بچہ مسلم لیگ دہلی، بچہ مسلم لیگ آلہ آباد، بچہ مسلم لیگ بجنور، بچہ مسلم لیگ کوئٹہ کی مکمل تفصیلات، دومیلی، علی پور، لاہور، نوشہرہ، اسلامیہ کالج اور سیالکوٹ میں بچہ مسلم لیگ کے قیام اور پشاور، قصور، گورداسپور میں بچہ مسلم لیگ کے منعقدہ اجلاس اور کل ہند کنونشن منعقدہ دہلی ۱۹۴۶ء کو بھی قلمبند کیا گیا ہے۔

تاثرات کے عنوان سے بچہ مسلم لیگ سے منسلک رہنے والی معروف شخصیات کی تحاریر یکجا کی گئی ہیں۔ فصیح الدین احمد، ڈاکٹر وحید قریشی، ڈاکٹر شیر محمد زمان چشتی، نعمت اللہ سابق ناظم کراچی، بریگیڈیئر اقبال شفیع، محمد اشفاق صدیقی، ڈاکٹر انصار زاہد، ولی مظہر، پروفیسر منصور الحق صدیقی، پروفیسر فتح محمد ملک، آزاد بن حیدر، سید فصیح اقبال اور مصنف ڈاکٹر انعام الحق کوثر کی بچہ مسلم لیگ سے وابستہ یادیں ہماری قومی تاریخ کے ایک سنہری باب کو آشکار کرتی ہیں۔ کتاب میں مختلف مواقع پر قائداعظم کی بچہ مسلم لیگ کے وفود سے ملاقاتوں، ان کے جلسوں میں شرکت اور تقاریر و پیغامات کو بھی اجاگر کیا گیا ہے، آخری صفحات بچہ مسلم لیگ کی چند یادگار تصاویر سے مزین ہیں جو اپنی مثال آپ ہیں۔

یاد رہے ''برصغیر میں بچہ مسلم لیگ'' مکمل کتاب تحریک پاکستان یادگاری کمیٹی اسلام آباد کے زیر اہتمام شائع ہو رہی ہے جبکہ یہ اقتباسات اس کتاب سے ہیں جو مصنف نے مکمل کتاب کے چند حصے منتخب کر کے ترتیب دی ہیں، یقیناً مکمل کتاب اور بھی جامع، مفصل اور تحقیق کا مرقع ہو گی۔

کتاب کی اشاعت مسلم لیگ صدی اور ہمدرد صدی کی مناسبت سے سال ۲۰۰۶ء میں کی گئی ہے۔ انتساب مربی اردو، شہید پاکستان حکیم محمد سعید شہید کے نام ہے جو بچہ مسلم لیگ دہلی کے سرگرم رکن بھی رہے۔